## کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کی جارہی ہے۔متحدہ قومی موومنٹ

## اسٹیبلشمنٹ اوراس کی ایجنسیوں کے چندعناصر کی سرپرستی میں مذہبی انتہاپسندعناصر کراچی منتقل ہورہے ہیں

## مذہبی انتہاپسندعناصر کراچی میں نہ صرف زمینوں پر ناجائز قبضے کررہے ہیں بلکہ لوٹ مار،ڈکیتی اوراغوابرائے تاوان کی وارداتیں کررہے ہیں،شہر میں اشتعال انگیز چاکنگ کررہے ہیں جس سے انکے مستقبل کے مذموم عزائم کا پتہ چلتا ہے

## مذہبی انتہاپسندوں سے ہماراکوئی تنازعہ نہیں ہے،ہم ان لوگوں کی پناہ کیلئے کراچی میں شیلٹرکیمپ قائم کرسکتے ہیں لیکن سندھ اور کراچی کے عوام کسی کوبھی کراچی پرغیرقانونی قبضےاورسندھ کی دھرتی کاامن تباہ کرنے کی اجازت ہرگزنہیں دیں گے

## عوام آنکھیں کھلی رکھیں،اپنی صفوں میں اتحادبرقراررکھیں اورطالبانائزیشن کی سازش سے ایک ایک فردکوآگاہ کریں

## طالبانائزیشن کیلئے مذموم کارروائیاں کرنے والے انتہاپسندعناصر کے خلاف کارروائی کی جائے۔حکومت سے مطالبہ

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کاہنگامی اجلاس،کراچی میں طالبانائزیشن پرگہری تشویش کااظہار

لندن۔۔۔3 جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کاایک ہنگامی اجلاس آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ہوا۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی لندن کے علاوہ پاکستان سے آئے ہوئے رابطہ کمیٹی، تنظیمی کمیٹی اورانٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے شرکت کی۔اجلاس میں ملک کے مختلف حصوں سے مذہبی انتہاپسندگروپوں کی کراچی منتقلی اورکراچی میں طالبانائزیشن کے سلسلے میں مذہبی انتہاپسندعناصر کی بڑھتی ہوئی امن دشمن سرگرمیوں پرگہری تشویش کااظہارکیاگیا۔اجلاس کے بعداپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہاکہ سندھ صوفیوں اورامن پسندشہریوں کی دھرتی ہے جومذہبی رواداری،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اوراتحادوبھائی چارے پریقین رکھتے ہیں لیکن کراچی میں بھی مذہبی انتہاپسندعناصر کولاکرطالبانائزیشن کی سازش کی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ ان مذہبی انتہا پسندعناصر کی کراچی منتقلی اسٹیبلشمنٹ اوراس کی ایجنسیوں کے چندعناصر کی زیرسرپرستی ہورہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ ملک کے مختلف حصوں سے کراچی منتقل ہونے والے یہ مذہبی انتہاپسندعناصر کراچی میں اپنے ٹھکانے بنانے کیلئے نہ صرف مختلف علاقوں میں زمینوں پرناجائز قبضے کررہے ہیں بلکہ لوٹ مار، ڈکیتی اور اغوابرائے تاوان کی وارداتیں کررہے ہیں۔اسکے ساتھ ساتھ یہ مذہبی انتہاپسندعناصر شہر میں فرقہ وارانہ منافرت اورمذہبی جذبات کوٹھیس پہنچانے والے اشتعال انگیزنعرےاورایسےنعرےبھی تحریرکررہے ہیں جس سے ان انتہاپسندعناصر کے مستقبل کے مذموم عزائم کا پتہ چلتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ بدھ کی شب بھی کراچی کےعلاقے اسکیم 33 میں واقع اسماءگارڈن،گلشن ویواپارٹمنٹ،نعمان آرکیڈ،اوراس کے قریبی فلیٹس اورپارک کی دیواروں پراشتعال انگیزچاکنگ کی گئی جس میں ایک نعرہ یہ بھی ہے کہ ''کراچی میں رہنا ہے توجئے طالبان کہنا ہے''،''کراچی میں رہناہےتوطالبان بن کے رہناہے''،''کراچی میں رہناہےتوجہادی بن کے رہناہے''،کراچی میں رہناہےتوجئے بیت اللہ محسود کہنا ہے۔اس کےعلاوہ ہمیں افسوس کے ساتھ یہ بھی بتاناپڑرہاہے کہ مذہبی انتہاپسندعناصر کی جانب سے فرقہ وارانہ منافرت کیلئے''خمینی کتا......خمینی کافر،جونہ مانے وہ بھی کافر''جیسےبیہودہ اوراشتعال انگیزنعرےبھی شہر کی دیواروں پرتحریرکئے گئے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ اس تشویشناک صورتحال کی وجہ سے کراچی کےعوام بہت پریشان اورفکرمند ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ کراچی منتقل ہونے والےمختلف مذہبی انتہاپسند جماعتوں سے تعلق رکھنے والےان عناصر سے ہماراکوئی تنازعہ نہیں ہےاوراگران عناصر کواپنے علاقوں میں کچھ مسائل ہیں توہم ان لوگوں کی پناہ کیلئے کراچی میں شیلٹرکیمپ قائم کرسکتے ہیں اورانہیں زندگی کی بنیادی سہولتیں اور مددفراہم کرسکتے ہیں لیکن سندھ اورکراچی کےعوام کسی کوبھی سندھ کے دارالحکومت کراچی کی زمین پرغیرقانونی قبضوں اورسندھ کی دھرتی کاامن تباہ کرنے کی اجازت ہرگزنہیں دیں گے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ ہم کراچی سمیت سندھ دھرتی کے تمام امن پسندشہریوں سے کہتے ہیں کہ وہ ہوشیاررہیں،آنکھیں کھلی رکھیں،اپنی صفوں میں اتحادبرقراررکھیں اورسندھ خصوصاً کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش سے ایک ایک فردکوآگاہ کریں۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیاکہ کراچی میں مذہبی انتہاپسندعناصر کی جانب سے زمینوں پرناجائزقبضے،لوٹ مار،ڈکیتی اوراغوابرائے تاوان کی وارداتیں کرنے والےاورطالبانائزیشن کیلئے مذموم کارروائیاں کرنے والےانتہاپسندعناصر کےخلاف کارروائی کی جائے۔

## عوام وکارکنان سابق رکن سندھ اسمبلی محترمہ فیروزہ بیگم کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔3 جولائی 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لیاقت آباد کے حق پرست ٹاؤن ناظم اسامہ قادری کی والدہ اور سابق رکن سندھ اسمبلی محترمہ فیروزہ بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ فیروزہ بیگم کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔ واضح رہے کہ محترمہ فیروزہ بیگم گزشتہ کئی روز سے شدید علیل ہیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی 5 روزہ مہم جاری ہے

## تیسرے روز بھی فاؤنڈیشن کے مراکز پر سینکڑوں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے گئے

## رضا کاروں نے گھر گھر جا کر قطرے پلائے، والدین اپنے بچوں کو ویکسین کے قطرے لازمی پلوائیں،شیخ لیاقت کی اپیل

کراچی۔۔۔3، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام پولیو کے خاتمے کیلئے منگل سے شروع ہونیوالی انسداد پولیو کی 5 روزہ مہم جمعرات کو بھی جاری رہی اور اس سلسلے میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال فیڈرل بی ایریا، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی کے علاوہ شہر کے مختلف علاقوں میں قائم خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں میں بچوں کو صبح 10 سے شام 4 بجے تک پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلانے کے انتظامات کئے گئے ہیں جہاں پانچ سال اور اس سے کم عمر کے سینکڑوں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلانے کا سلسلہ جاری ہے۔ انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے رضا کاروں پر مشتمل گشتی ٹیمیں بھی تشکیل دی گئی ہیں جو مختلف علاقوں میں جا کر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا رہی ہیں اور لوگوں کو اس مرض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کر رہی ہیں۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ فاؤنڈیشن کے تحت پانچ روزہ انسداد پولیو مہم سے بھرپور استفادہ کریں اور اپنے بچوں کو لازمی پولیو ویکسین کے قطرے پلوائیں تاکہ پولیو جیسی موذی بیماری سے بچوں کو محفوظ رکھا جاسکے۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 109 کے یونٹ انچارج کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔3، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 109 کے یونٹ انچارج خالد شہزاد کے والد شہزادے صاحب کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆